38

# دعائیں

# قَرِیبٌ مُجِیبٌ

LIVE

Taught By

**Dr. Farhat Hashmi**

وَإِذَا سَأَلَكَ عِبَادِي عَنِّي فَإِنِّي قَرِيبٌ أُجِيبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ
إِذَا دَعَانِ فَلْيَسْتَجِيبُوا لِي وَلْيُؤْمِنُوا بِي لَعَلَّهُمْ يَرْشُدُونَ

| وَاِذَا | سَاَلَكَ | عِبَادِىْ | عَنِّىْ |
|---|---|---|---|
| اور جب | سوال کریں آپ سے | میرے بندے | میرے بارے میں |

| فَاِنِّىْ | قَرِيْبٌ |
|---|---|
| تو بے شک میں | قریب ہوں |

| اُجِيْبُ | دَعْوَةَ | الدَّاعِ |
|---|---|---|
| میں جواب دیتا ہوں | دعا کا | دعا کرنے والے کی |

| اِذَا | دَعَانِ |
|---|---|
| جب | وہ دعا کرے مجھ سے |

| فَلْيَسْتَجِيْبُوْا | لِىْ |
|---|---|
| پس ضرور وہ حکم مانیں | میرا |

| وَلْيُؤْمِنُوْا | بِىْ |
|---|---|
| اور ضرور وہ ایمان لائیں | مجھ پر |

| لَعَلَّهُمْ | يَرْشُدُوْنَ ﴿186﴾ |
|---|---|
| تاکہ وہ | وہ ہدایت پائیں |

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

رمضان اور دعائیں

# قَرِيبٌ مُّجِيبٌ

وَإِذَا سَأَلَكَ عِبَادِي عَنِّي فَإِنِّي قَرِيبٌ أُجِيبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ إِذَا دَعَانِ فَلْيَسْتَجِيبُوا لِي وَلْيُؤْمِنُوا بِي لَعَلَّهُمْ يَرْشُدُونَ (البقرة: 186)

اور جب میرے بندے آپ سے میرے بارے میں سوال کریں تو (کہہ دیجئے) بے شک میں قریب ہوں میں پکارنے والے کی پکار کا جواب دیتا ہوں جب وہ مجھے پکارے تو ان کو چاہیے کہ وہ میرا حکم مانیں اور مجھ پر ایمان رکھیں تاکہ وہ ہدایت پائیں۔

فَاسْتَغْفِرُوهُ ثُمَّ تُوبُوا إِلَيْهِ إِنَّ رَبِّي قَرِيبٌ مُّجِيبٌ [هود:61]

سو اس سے بخشش مانگو، پھر اس کی طرف پلٹ آؤ، یقیناً میرا رب قریب ہے، قبول کرنے والا ہے۔

# اللہ کے لیے تعریفی کلمات

اَلْحَمْدُ للهِ خَلَقَ بِقُدْرَتِهِ ٱلْأَرْضَ وٱلسَّمٰوٰتِ، وَبرَأ بِحِكْمَتِهِ جَمِيْع البريَّاتِ، وَفَاوَتَ بَيْنَ عِبَادِهِ فِيْ الْأَرْزَاقِ وَالْعَطِيَّاتِ، وَأَعْلٰى قَدَرَ مَنْ شَاءَ مِنهُمْ، وَشَرَّفَهُمْ وَرَفَعَهُمْ دَرَجَاتٍ

ہر قسم کی حمد اللہ کے لیے ہے، جس نے اپنی قدرت کے ساتھ زمین اور آسمانوں کو پیدا کیا، اور اپنی حکمت سے تمام مخلوقات کو پھاڑ کر نکالا،

اور اپنے بندوں کے درمیان رزق اور عطیات میں فرق رکھا، اور ان میں سے جن کی چاہی قدر اور شان بلند کر دی، اور ان کو شرف بخشا اور ان کو درجات میں بلند کر دیا۔



# نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود پڑھنا



## درود

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی آلِ
مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاهِیمَ وَعَلٰی
آلِ اِبْرَاهِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ، اَللّٰھُمَّ
بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا بَارَكْتَ عَلٰی اِبْرَاهِیمَ وَعَلٰی آلِ
اِبْرَاهِیمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

اے اللہ! محمد ﷺ اور آلِ محمد ﷺ پر اسی طرح رحمت نازل فرما جس طرح تونے ابراہیم اور آلِ ابراہیم پر رحمت نازل فرمائی، بے شک تو ہی تعریف اور بزرگی والا ہے، اے اللہ! محمد ﷺ اور آلِ محمد ﷺ پر اسی طرح برکت نازل فرما جس طرح تونے ابراہیم اور آلِ ابراہیم پر برکت نازل فرمائی، بے شک تو ہی تعریف اور بزرگی والا ہے۔

## جہنم سے بچنے اور جنت کے حصول کی دعائیں

وَسِيقَ الَّذِينَ كَفَرُوا إِلَى جَهَنَّمَ زُمَرًا حَتَّى إِذَا جَاءُوهَا فُتِحَتْ أَبْوَابُهَا وَقَالَ لَهُمْ خَزَنَتُهَا أَلَمْ يَأْتِكُمْ رُسُلٌ مِنْكُمْ يَتْلُونَ عَلَيْكُمْ آيَاتِ رَبِّكُمْ وَيُنْذِرُونَكُمْ لِقَاءَ يَوْمِكُمْ هَذَا قَالُوا بَلَى وَلَكِنْ حَقَّتْ كَلِمَةُ الْعَذَابِ عَلَى الْكَافِرِينَ () قِيلَ ادْخُلُوا أَبْوَابَ جَهَنَّمَ خَالِدِينَ فِيهَا فَبِئْسَ مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِينَ () (الزمر: 72-71)

اور وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا گروہ در گروہ جہنم کی طرف ہانکے جائیں گے یہاں تک کہ جب وہ اس کے پاس پہنچ جائیں گے تو اس کے دروازے کھول دیئے جائیں گے اور اس کا دربان ان سے کہے گا کیا تمہارے پاس کوئی رسول تمہی میں سے نہیں آئے تھے جو تم پر تمہارے رب کی آیات پڑھتے اور تمہیں تمہاری اس دن کی ملاقات سے ڈراتے ؟

وہ کہیں گے کیوں نہیں ! لیکن کافروں پر عذاب کی بات سچ ثابت ہو گئی۔ (ان سے) کہا جائے گا (اب) جہنم کے دروازوں میں داخل ہو جاؤ، تم اس میں ہمیشہ رہنے والے ہو۔ تو تکبر کرنے والوں کا ٹھکانا کتنا برا ہے۔

وَسِيقَ ٱلَّذِينَ ٱتَّقَوۡاْ رَبَّهُمۡ إِلَى ٱلۡجَنَّةِ زُمَرًاۖ

## آیت سے حاصل ہونے والے فوائد

کفار کو جہنم کی طرف توہین کرتے ہوئے لے جایا جائے گا

اللہ تعالی اپنی مخلوق کا نظام انتہائی نظم ونسق سے چلاتا ہے

رسولوں کو انسانوں کی جنس میں سے بھیجنے کا مقصد ان پر حجت تمام کرنا ہے

جہنم انتہائی قبیح رہائش گاہ ہے

متکبر کا ٹھکانہ آگ اور عاجزی و انکساری کرنے والوں کا ٹھکانہ جنت ہے

تکبر سے بچنا

### دل میں تھوڑا سا تکبر بھی آئے تو فوری اس کا علاج کریں

- اس کے فوائد میں سے ہے کہ کبھی تکبر انسان کو جہنمیوں کے عمل تک پہنچا دیتا ہے اگرچہ اس کے دل میں تھوڑا سا ہی تکبر ہو۔
- یعنی جب آپ اپنے دل میں کسی ایک کے بارے میں تکبر محسوس کریں تو اس بیماری کا علاج کریں،
- اس بیماری کے آگے پھیلنے سے پہلے اس کا علاج کر لیں کیونکہ یہ بیماری دل کے لئے ایسے ہی ہے جیسا کہ جسم کے لیے سرطان (کینسر) کی بیماری ہے اگر آپ فوری طور پر اس کا علاج نہیں کریں گے تو تکبر آپ کو ہلاک کر دے گا اور اس کو معمولی نہ سمجھیں۔[تفسیر ابن العثیمین]

# جہنم کی ہولناکیاں

- جہنم پیدا کی جا چکی ہے
- جہنم ایک مستقل اقامت گاہ
- جہنم سب سے ہیبت ناک مقام
- جہنم میں جانے والوں کی تعداد
- جہنم میں عورتوں کی کثرت
- جہنم کی آگ کی شدت
- دنیا کی آگ جہنم کا سترواں حصہ

## جہنم کی وسعت

نبی ﷺ نے فرمایا: اگر جہنم کے کنارے سے ایک چٹان پھینکی جائے اور وہ ستر برس تک نیچے گرتی رہے تب بھی وہ اس کی گہرائی تک نہیں پہنچے گی۔

[سنن الترمذی:2575]

# جہنم کی ہولناکیاں

جہنم کی آگ کی سیاہی

چہروں کو جھلس دینے والی آگ

کھال ادھیڑ دینے والی آگ

جہنم کا ایندھن

## اہل جہنم کے اوصاف

• عبداللہ بن عکیم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔۔۔جو اہل جہنم میں سے ہو گا تو اس کے جسم کو پہاڑ کی مانند عظیم و جسیم بنا دیا جائے گا۔

[السلسلۃ الصحیحۃ:2512]

# جہنم کی ہولناکیاں

اہل جہنم کا کھانا

زخموں سے بہنے والا خون اور پانی

آنتیں کاٹ دینے والا کھولتا پانی

اہل جہنم کا لباس

آگ کے جوتے اور تسمے

## اہل جہنم کا بستر

• لَهُمْ مِنْ فَوْقِهِمْ ظُلَلٌ مِنَ النَّارِ وَمِنْ تَحْتِهِمْ ظُلَلٌ

[الزمر:16]

ان کے اوپر بھی آگ کے سائبان ہوں گے اور ان کے نیچے بھی۔

# جہنم کی ہولناکیاں

طوق اور زنجیریں

زہریلی لو

سانپ اور بچھو

جہنم اور اہل جہنم کی آوازیں

گدھے کی آواز کے مشابہ آواز

## اعمال کے مطابق آگ کا پکڑنا

سمرہ سے روایت ہے کہ انہوں نے اللہ کے نبی ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ دوزخیوں میں سے کچھ کو آگ ان کے ٹخنوں تک پکڑے گی اور ان سے کچھ کو ان کی کمر تک اور ان میں سے کچھ کو ان کی گردن تک آگ پکڑے گی۔

[صحیح مسلم:7348 ].

# جہنم کی ہولناکیاں

لوہے کے ہتھوڑوں سے عذاب دیا جانا

عذاب ہلکا نہ ہونا

جہنمیوں کا خون کے آنسو رونا

شدت عذاب کی وجہ سے جہنمیوں کا ہر چیز فدیے میں دینے کی خواہش کرنا

جہنم میں جانے کے بعد نہ زندگی ہوگی اور نہ ہی موت

## جہنمی نہ مریں گے نہ جئیں گے

ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: وہ لوگ جو دوزخ والے ہیں، وہ اس میں نہ تو مریں گے اور نہ زندہ رہیں گے۔

[صحیح مسلم:477 ]

# جہنم میں لے جانے والے اعمال

- کفر و شرک
- نفاق
- نماز چھوڑنا
- زکاۃ نہ دینا
- گناہوں کی کثرت
- خودکشی
- تکبر

- چغل خوری
- زنا
- دھوکہ
- حرام کمائی
- تصویریں بنانے والا
- علم پر فخر کرنا
- گفتگو میں بداحتیاطی

## شراب نوشی

- رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص نشے کی وجہ سے ایک مرتبہ نماز چھوڑ دے تو اس کی مثال ایسے ہے کہ جیسے اس کے پاس دنیا اور اس کی ساری نعمتیں تھیں جو اس سے چھین لی گئیں
- اور جو شخص نشے کی وجہ سے چار نمازیں چھوڑ دے تو اللہ پر حق ہے کہ اسے طینۃ الخبال میں سے کچھ پلائے کسی نے پوچھا یا رسول اللہ "طِينَةُ الْخَبَالِ" کس چیز کا نام ہے؟
- آپ ﷺ نے فرمایا: اہل جہنم کا نچڑا ہوا خون اور پیپ۔

# جہنم میں لے جانے والے اعمال

## پانچ قسم کے لوگ جہنمی

- رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جہنمی پانچ طرح کے ہیں:
- (1)۔وہ ضعیف شخص جو اپنی سمجھ بوجھ اور بصیرت نہیں رکھتا اور ایسے لوگ تمہاری پیروی کرنے والے ہیں، اپنے اہل اور مال کی طرف نہیں جاتے (یعنی اگر ان کے گھر والے نہ ہوں تو نہیں کوئی پروہ نہیں اور اگر ہوں تو ان کے پیچھے نہیں جاتے۔
- (2)۔وہ خائن کہ جس کی لالچ پوشیدہ نہیں اگرچہ معمولی چیز ملے وہ اس میں بھی خیانت کرتا ہے۔
- (3)۔ایک وہ شخص جو صبح و شام تمہارے گھر اور مال میں تمہیں دھوکہ دیتا ہے۔
- (4)۔پھر آپ نے بخل اور جھوٹ کا ذکر کیا۔
- (5)۔اور بد خلق، فحش گو کا ذکر کیا۔

[صحیح مسلم:7386 ]

## لعنت اور ناشکری کرنے والی عورتیں

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے عورتوں کی جماعت! صدقہ کرو، کیونکہ میں نے جہنم میں زیادہ تم ہی کو دیکھا ہے۔انھوں نے کہا یا رسول اللہ! ایسا کیوں؟ آپ نے فرمایا کہ تم لعن طعن بہت کرتی ہو اور شوہر کی ناشکری کرتی ہو۔

[صحیح البخاری:304 ]

# جہنم سے بچنے کی دعائیں



## گناہوں کی بخشش

رَبَّنَآ اِنَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْلَنَا ذُنُوْبَنَا وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ

اے ہمارے رب! بے شک ہم ایمان لائے، پس ہمارے گناہوں کو بخش دے اور ہمیں آگ کے عذاب سے بچالے

( آلِ عمران:16 )

# جہنم سے بچنے کی دعائیں



## جہنم کی ہولناکیوں سے بچنے کی دعا

رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ ۖ اِنَّ عَذَابَهَا كَانَ غَرَامًا
اِنَّها سَاءَتْ مُسْتَقَرًّا وَّ مُقَامًا

اے ہمارے رب! جہنم کے عذاب کو ہم سے پھیر لے، بے شک اس کا عذاب تو جان کو لاگو ہے بے شک وہ بہت برا ٹھکانہ اور مقام ہے

(الفرقان:66-65)

# جہنم سے بچنے کی دعائیں



## آگ کے عذاب سے بچنے کی دعا

رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا ۚ سُبْحٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ رَبَّنَآ اِنَّكَ مَنْ تُدْخِلِ النَّارَ فَقَدْ اَخْزَيْتَهٗ ؕ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ

اے ہمارے رب! تونے یہ (آسمان وزمین) بے مقصد پیدا نہیں کیا، تو پاک ہے پس ہمیں آگ کے عذاب سے بچالے اے ہمارے رب! بے شک جسے تونے آگ میں داخل کیا تو یقیناً تونے اسے رسوا کر دیا اور ظالموں کے لیے کوئی مددگار نہیں ہے

( آلِ عمران:192-191 )

دعائیں

# جہنم سے بچنے کی دعائیں

جہنم سے پناہ مانگنے والے کے لیے جہنم کی سفارش

اللَّهُمَّ أَجِرْنِي مِنَ النَّارِ

اے اللہ! مجھے آگ سے بچا۔

اللَّهُمَّ أَجِرْنِي مِنَ النّار

# جہنم سے بچنے کی دعائیں

## آگ کی تپش سے پناہ مانگنا



### آگ کی تپش اور قبر کے عذاب سے پناہ مانگنا

اَللّٰهُمَّ رَبَّ جِبْرَائِيلَ وَمِيكَائِيلَ وَرَبَّ إِسْرَافِيلَ أَعُوذُ بِكَ
مِنْ حَرِّ النَّارِ وَمِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ

یا اللہ! جبرائیل اور میکائیل کے رب، اور اسرافیل کے رب، میں جہنم کی آگ کی تپش سے اور قبر کے عذاب سے تیری پناہ چاہتا ہوں

[سنن النسائی:5519]

# جہنم سے بچنے کی دعائیں

## نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دعا



### قیامت کے دن کھڑے ہونے میں تنگی سے پناہ مانگنا


اَللّٰهُمَّ إِنِّی أَعُوذُ بِكَ مِنَ الْكَسَلِ وَالْهَرَمِ وَسُوءِ الْكِبَرِ
وَفِتْنَةِ الدُّنْيَا وَعَذَابِ الْقَبْرِ

اے اللہ! میں تیری پناہ لیتا ہوں سستی طاری ہو جانے سے اور عمر (کے حد سے) بڑھ جانے سے اور بڑھاپے کی
خرابی سے اور دنیا کے فتنے سے اور قبر کے عذاب سے

صحیح مسلم:7084

# جہنم سے بچنے کی دعائیں

## تشہد میں جہنم سے پناہ مانگنے کا حکم



### حفاظت کی دعائیں

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ عَذَابِ جَهَنَّمَ، وَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ، وَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَ الْمَمَاتِ، وَ مِنْ شَرِّ فِتْنَةِ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ


اے اللہ! میں جہنم اور قبر کے عذاب سے، زندگی اور موت کے فتنہ سے اور فتنہ مسیح دجال کے شر سے تیری پناہ مانگتا ہوں

صحیح مسلم:1324

دعائیں

# جہنم سے بچنے کی دعائیں

## رات کو سوتے وقت جہنم سے اللہ کی پناہ مانگنا



### سوتے وقت کی دعا

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ كَفَانِيْ وَآوَانِيْ وَاَطْعَمَنِيْ وَسَقَانِيْ وَالَّذِيْ مَنَّ عَلَيَّ فَاَفْضَلَ وَالَّذِيْ اَعْطَانِيْ فَاَجْزَلَ، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى كُلِّ حَالٍ، اَللّٰهُمَّ رَبَّ كُلِّ شَيْءٍ وَّمَلِيْكَهُ وَاِلٰهَ كُلِّ شَيْءٍ اَعُوْذُبِكَ مِنَ النَّارِ

تمام تعریف اللہ کے لیے ہے جس نے میری کفایت کی اور مجھے رہنے کو جگہ عنایت فرمائی، مجھے کھلایا اور پلایا اور وہ ذات جس نے مجھ پر احسان کیا اور بہت زیادہ کیا، جس نے مجھے دیا اور بہت خوب دیا۔ ہر حال میں اللہ ہی کی تعریف ہے۔ اے اللہ! اے ہر چیز کے پالنے والے اور اس کے مالک! اے ہر چیز کے معبود! میں آگ سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔

(سنن أبي داود:5058)

# جہنم سے بچنے کی دعائیں

## رات کو سوتے وقت جہنم سے اللہ کی پناہ مانگنا



### سوتے وقت کی دعا

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ كَفَانِیْ وَ آوَانِیْ ،اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِی أَطْعَمَنِیْ وَ سَقَانِیْ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ مَنَّ عَلَیَّ فَاَفْضَلَ، اللّٰهُمَّ اِنِّیْ أَسْأَلُكَ بِعِزَّتِكَ أَنْ تُنَجِّيَنِیْ مِنَ النَّارِ

تمام تعریف اللہ کے لیے ہے جس نے میری کفایت کی اور مجھے رہنے کو جگہ عنایت فرمائی، تمام تعریف اللہ کے لیے ہے جس نے مجھے کھلایا اور پلایا، تمام تعریف اللہ کے لیے ہے جس نے مجھ پر احسان کیا اور بہت زیادہ کیا۔ اے اللہ! میں تجھ سے تیری عزت کے واسطے سے سوال کرتا ہوں کہ تو مجھے آگ سے نجات دے دے۔

(المستدرک علی الصحیحین للحاکم، ج:2،2045)

دعائیں